ABC CERTIFIED

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں، القرآن

بشکریہ اسلام آباد، پشاور، ملتان، حیدرآباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن، ڈیٹرائٹ، بلتستان سے بذریعہ ٹیلیفون، موبائل، ایپلیکیشن اور ای میل

E-mail:ausaf@del.net.pk

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف پشاور

DAILY AUSAF PESHAWAR

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان

ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 8 | منگل 26 ذی القعدہ 1445ھ 4 جون 2024ء 22 جیٹھ 2081 ب سنبت | 8 صفحات | قیمت 30 روپے | شمارہ: 166

اورکزئی، وفاقی محتسب ریجنل ڈائریکٹر مشتاق جدون اور ڈی سی طیب عبداللہ کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

اورکزئی ہیڈکوارٹر جرگہ ہال میں وفاقی محتسب کا کھلی کچہری کا انعقاد

اورکزئی قبائل محب وطن لوگ ہیں اسلئے اکثر اوقات اعلیٰ حکام پہلے اورکزئی کا دورہ کرتے ہیں

ہنگو/اورکزئی (بیورو رپورٹ/اسٹاف) انتظامیہ اورکزئی کے زیر اہتمام اورکزئی ہیڈکوارٹر جرگہ ہال میں وفاقی محتسب کا عوامی آگاہی کے حوالے سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں وفاقی محتسب ریجنل آفیسر مشتاق جدون، ڈپٹی کمشنر اورکزئی طیب عبداللہ ڈی سی ہنگو حیدر حسین سمیت تمام محکموں کے افسران سول ججز اور علاقہ معززین نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر طیب عبداللہ و دیگر کا کہنا تھا کہ اورکزئی قبائل محب وطن لوگ ہیں اسلئے اکثر اوقات اعلیٰ حکام پہلے اورکزئی کا دورہ کرتے ہیں اس طرح کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد وفاقی محتسب کے توسط سے وفاقی محکموں کی کارکردگی کی جانچ پڑتال کرکے عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے کھلی کچہری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی محتسب ریجنل ڈائریکٹر مشتاق جدون نے کہا کہ ہمارا کام سرکاری محکموں کے ساتھ ہے عوام اپنے مسائل کے حل کیلئے موبائل کے ذریعے اپنی شکایات درج کرسکتے ہیں ہیلپ لائن پر ہیلپ ہمارا پاسپورٹ ہمارا ویزا کے مسائل ہمیں موبائل کے ذریعے ای میل کے ذریعے بھیج سکتے ہیں ہم مکمل پراگریس ٹریکر کے ذریعے ہیں گے حل طلب مسائل حل ہونے تک سرکاری اور سول کے تمام سرکاری مسائل حل کریں گے کھلی کچہری کے موقع پر علاقہ معززین ملک سابق کلیل ملک عزت گل ملک سید خان و دیگر نے مہمان خصوصی مشتاق جدون کو قہوہ پیش کر خوش آمدید کیا اور کہا کہ ہمارا عوام کے ساتھ رابطہ کے گئے وعدے پورے کئے ہوئے پاسپورٹ بنانے اور رینیول میں قبائل کے مسائل و مشکلات حل کئے جائیں اورکزئی میں پاسپورٹ آفس بنایا جائے اورکزئی میں بجلی نہ ہونے کے برابر ہے 22 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہے اورکزئی میں پوسٹ آفس ہونا ضروری ہے اورکزئی کیلئے ہنگو میں علیحدہ آفس بنایا جائے سرکاری کی قبر جلد بنایا جائے، موذی قوم کے چھ سال گھروں کے سروے کے 3500 پیکج ریلیز کئے جائے اور اورکزئی موبائل نیٹورک سے محروم ہیں۔